Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استثنائے محصول گہاٹ	۱ و ۲
۲	اظہار خوشنودی بحسن انتظام جلسۂ بال	رر
۳	اضافہ فضل شاہ خان رسالدار	رر
۴	تقرر بابو محمد امیر	رر
۵	اضافہ قمر شاہ خان صاحب ڈپٹی سکریٹری بہادر	رر
۶	موقوفی سید علی مختار	رر
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار محکمہ دار الانشا اجلاس اعلیٰحضرت بندگانِ حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

بسلسلۂ واپسی محصول گہاٹ فیلان جو سنہ ۱۹۱۹ء مین پیلی بہیت سے خرید ہو کر آئی تہے صاحب ایجنٹ بہادر کی خدمت مین تذکرہ کیا گیا تہا کہ اگر ضرورت ہو تو اسکے متعلق گورنمنٹ کو تحریک کیجائے۔ چنانچہ حسب تحریک صاحب ایجنٹ بہادر گورنمنٹ نے ذریعہ گورنمنٹ آرڈر نمبری ۹۰۸/۱۹۵۰ مورخہ ۲۴ جون سنہ ۱۹۲۱ء ما بدولت واقبال وجملہ ملازمان وجانوران ریاست کو جب کار سرکار پر

ہون محصول معابر و پل ہائے کشتی کل صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ سے مستثنے فرما دیا ہو۔ صاحب ایجنٹ بہادر نے اپنی چٹھی نمبری $\frac{۳۳۳۲}{۱۶-۵۶}$ مورخہ ۲ر اگست سنہ ۱۹۲۱ء مین یہ بھی تحریک کیا ہو کہ اگر پاس کی پشت پر نقل یا ترجمہ گورنمنٹ آرڈر چھاپ دیا جائے تو آیندہ اسکے متعلق کسی خط و کتابت کی ضرورت نہ پڑے چونکہ اسکی اطلاع ہونا جملہ صیغہ جات کو ضروری ہو۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا مع نقل گورنمنٹ آرڈر جملہ سکریٹری صاحبان و کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج کے پاس مرسل ہو اور لکھا جائے کہ جب کوئی پاس عبور گھاٹ جاری کیا جائے تو پشت پاس پر نقل یا ترجمہ گورنمنٹ آرڈر لکھ دیا جائے۔ اور آیندہ کے لئے جدید پاس چھپوا کر انکی پشت پر ترجمہ گورنمنٹ آرڈر چھپوا دیا جائے۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

ترجمہ گورنمنٹ آرڈر نمبری $\frac{۹۹۰}{۱۹۵-۴}$ مورخہ ۲۴ر جون سنہ ۱۹۲۱ء

مجھو ہدایت ہوئی ہو کہ مین آپکی چٹھی نمبری $\frac{۲۳۱۰}{۱۹-۵۶}$ مورخہ ۲۲ر اپریل کا حوالہ دون جسمین آپ تحریر کرتے ہین کہ ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور اور انکے ہمراہیان ملازمان مع جانوران ہمراہی عام گھاٹون اور پل ہائے کشتی قسمت روہیلکھنڈ پر محصول گھاٹ دینے سے مستثنے ہین اور اب تحریک کرتے ہین کہ یہ رعایت کل ممالک متحدہ کے لئے وسیع کر دی جائے۔

جواباً تحریر کیا جاتا ہو کہ گورنمنٹ آپکی اس رائے سے اتفاق کرتی ہے اور یہ رعایت بخوشی کل صوبہ کے لئے منظور فرماتی ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

جلسہ ہال مین اہالیان روشنی برقی کارخانہ جات ذات خاص تعمیرات فوج پولیس صیغہ مال واٹر ورکس اسٹیٹ فیکٹریز و دیگر محکمجات نے نہایت محنت و مستعدی سے خدمات متعلقہ کو انجام دیا اور جلسہ مذکور بحسن و خوبی انجام پایا۔

لہذا حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا باظہار خوشنودی مزاج جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو۔ اور لکھا جائے کہ اپنے اپنے صیغہ جات متعلقہ کو حسب منشا روبکار ہذا سے مطلع کر دین۔ اور ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔ دستخط میر منشی اجلاس ہمایون

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۰ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت کرنل صاحب بہادر کمانڈنگ افواج فضل شاہ خان رسالدار تھرڈ اسکوادرن مشاہرہ وار پچاس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

تقرر

۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر انہار و صنعت و حرفت - بابو محمد امیر کا تقرر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار و پندرہ روپیہ ماہوار بابت ۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء سے بابو شیام سندر کی جگہ پر جو خالی تھی بکار سب اوورسیری منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بنظر حسن خدمات — حکم ہوا کہ — محمد قمر شاہ خان بہادر جوڈیشل سکریٹری کی موجودہ تنخواہ مین مبلغ تین سو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاکے آیندہ ایک ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی احکام بلا جاری ہون۔ دستخط میر منشی اجلاس ہمایون

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

سید علی ولد سید ابراہیم علی ساکن دو محلہ کو سامان منور بیگم ڈیوڑھی صاحبزادہ سید عزت علیخان بہادر و پیاری بیگم ڈیوڑھی صاحبزادہ سید افتخار حسین خان بہادر نے اپنی مختارکاری سے موقوف کرکے علیحدہ کیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ لغایت ۲۶ فروری ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۳۰ ۱۰ر	۳۰ ر ۱۰ر		۳ ۱۰ر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۰	۳۰ ۱۰ر		۵ ۱۰ر	
نخود کسہ آمیز			۰	۳۰ ۱۰ر		۵۰ ۱۰ر	
کسہ			۰	۴۰ ۱۰ر		۷ ۱۰ر	
ماش			۶ ر ۱۰ر	۵۰ ۱۰ر		۵۰ ۱۰ر	
مونگ			۵ ۱۰ر	۵ ۱۰ر		۵۰ ۱۰ر	
مکا			۶ ۱۰ر	۶۰ ۱۰ر		۶۰ ۱۰ر	
جئی			۰	۷ ۱۰ر		۷ ۱۰ر	
گوجئی			۰	۴۰ ۱۰ر		۵۰ ۱۰ر	
عدس			۰	۴ ۱۰ر		۰	
ارہر			۵	۵ ۱۰ر		۰	
برنج			۴۰ ۱۰ر	۴۰ ر ۱۰ر		۳۰ ر ۱۰ر	
روغن زرد			۱۰ ر ۱۰ر	۱۰ ۱۰ر		۱۰ ۱۰ر	
روغن سرسوں			۱ ر ۱۰ر	۱ ر ۱۰ر		۱ ۱۰ر	
روغن کنجد			۱ ۱۰ر	۱ ۱۰ر		۱ ۱۰ر	
نمک سانبھر			۱۲ ۱۰ر	۱۰ ۱۰ر		۱۱ ر ۱۰ر	
نمک لاہوری			۶ ۱۰ر	۵ ۱۰ر		۵ ۱۰ر	
قند سیاہ			۳ ۱۰ر	۳ ۱۰ر		۳ ۱۰ر	
باجرہ			۵۰ ۱۰ر	۵ ۱۰ر		۶ ۱۰ر	